**16.04.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. ماجد علی

**Music**

☆ بھارت کی کُل برآمدات مالی سال 2024 میں پچھلے سال کے ریکارڈ سے زیادہ 776 اعشاریہ چھ آٹھ بلین امریکی ڈالر ہوگئی ہے۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے پہلے اور دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں شدت آگئی ہے۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے بہار میں ریلی سے خطاب کیا۔

☆ BJP، بی ایس پی اور عام آدمی پارٹی نے لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنے امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔

☆ جموں وکشمیر میں Gandabal میں Jhelum ندی میں ایک کشتی پلٹ جانے کے حادثے میں چار افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ اسرائیل کے وزیر بنیامین نیتن یاہو نے جوابی حملے کے پیش نظر جنگی کابینہ کی ایک میٹنگ کی۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Export Estimates FY 2023-24**

بھارت کی کُل برآمدات 2023-24 کے مالی سال میں 776 اعشاریہ چھ آٹھ بلین ڈالرس تک ہونے کے امکانات ہیں۔ یہ پچھلے سال سب سے زیادہ ریکارڈ سے آگے نکل جائے گی۔ کامرس اور صنعت کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا کہ 2022-23 کے مالی سال میں بھارت کی کُل برآمدات 776 اعشاریہ چار صفر بلین ڈالر تھی۔ وزارت نے مزید بتایا کہ 2023-24 کے مالی سال میں کُل درآمدات 854 اعشاریہ آٹھ صفر بلین ڈالرس ہونے کی توقع ہے جو پچھلے سال کے مقابلے میں چار اعشاریہ آٹھ ایک فیصد کم ہے۔ اُس نے مزید بتایا کہ کُل تجارتی خسارے میں 35 اعشاریہ سات سات فیصد کی بہتری ہوگی۔ تجارتی خسارہ 2022-23 کے مالی سال میں 121 اعشاریہ چھ دو بلین ڈالرس سے گھٹ کر 2023-24 میں 78 اعشاریہ ایک دو بلین ڈالرس رہنے کی توقع ہے۔x

## Bihar PM Visit

وزیراعظم اور بی جے پی کے اعلیٰ رہنما نریندرمودی نے کہا ہے کہ کانگریس اور اُس کے اتحادی اپنے سیاسی مفادات کے لیے آئین کو ایک حربے کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ بہار کے شہر گیا کے' گاندھی میدان میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اپوزیشن پارٹیاں لوگوں کو گمراہ کرنے کی غرض سے یہ غلط بیانی سے کررہی ہیں کہ بی جے پی آئین کو بدل دے گی۔ انھوں نے یقین دلایا کہ کوئی بھی آئین کو تبدیل نہیں کرسکتا۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی نے ملک میں آئین کا قومی دن مناکر لوگوں میں آئین کا سچا جذبہ پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ ملک کے عوام' اپوزیشن کے ناپاک عزائم کو انتخابات میں ووٹ کے ذریعے شکست دیں گے۔ جناب مودی نے کانگریس اور اُس کے حلیفوں پر الزام لگایا کہ وہ سَناتن دھرم کو گالیاں دے رہے ہیں اور اُس کی توہین کررہے ہیں۔

بہار کی خراب حالت کے لیے RJD کی سابقہ حکومت کی تنقید کرتے ہوئے بی جے پی کے سینئر رہنما نے کہا کہ RJD جنگل راج اور بدعنوانی کا چہرہ ہے۔

## BJP List

بی جے پی نے آنے والے لوک سبھا انتخابات، اُڈیشہ اسمبلی انتخابات اور تلنگانہ اور اترپردیش اسمبلی کے ضمنی چناؤ کے لیے آج امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔

بی جے پی نے اُڈیشہ اسمبلی انتخابات کے لیے 21 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ دلیپ رائے کو Rourkela سے ٹکٹ دیا گیا ہے جبکہ سنجلی مُرمو Bangriposi سے، نرسنگھ بترا Jharigam سے اور امریندر داس جگت سنگھ پور سے چناؤ لڑیں گے۔

بی جے پی نے مہاراشٹر، پنجاب، اترپردیش اور مغربی بنگال میں لوک سبھا سیٹوں کے لیے 7 امیدواروں کی فہرست بھی جاری کی ہے۔

مہاراشٹر میں چھترپتی Udayanraje بھوسلے کو سَتارا لوک سبھا سیٹ سے ٹکٹ دیا گیا ہے جبکہ پنجاب میں پرمپال کور سِدھو کو بھٹنڈا سے ٹکٹ دیا گیا ہے اور انیتا سوم پرکاش کو ہوشیار پور لوک سبھا سیٹ پر اُتارا گیا ہے۔

ٹھاکر وِشودیپ سنگھ کو اترپردیش میں فیروزآباد اور ششانک مَنی ترپاٹھی کو دیوریا سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔ Abhijit Das Bobby کو مغربی بنگال میں ڈائمنڈ ہاربر لوک سبھا سیٹ پر کھڑا کیا گیا ہے۔

اِس دوران بی جے پی نے تلنگانہ اور اترپردیش میں ضمنی انتخابات کے لیے پانچ امیدواروں کی ایک فہرست بھی جاری کی ہے۔ ڈاکٹر ٹی این Vamsha تلک کو تلنگانہ میں سکندرآباد کینٹ سے جبکہ اوپی سریواستو کو اترپردیش میں لکھنؤ ایسٹ سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔

## AAP LS Seat

عام آدمی پارٹی نے آنے والے لوک سبھا انتخابات کے لیے پنجاب میں چار امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ جگدیپ سنگھ کاکا برار فیروزپور سے جبکہ اُمن شیر سنگھ گرداس پور پارلیمانی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔

پارٹی نے Pawan Kumar Tinu کو جالندھر اور اَشوک Prashar Pappi کو لدھیانہ پارلیمانی حلقے سے ٹکٹ دیا گیا ہے۔

## Assam Rifles

آسام میں اروناچل پردیش کی سرحد سے متصل Margherita کے Namdang علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے آسام رائفلز کی ایک گاڑی پر گھات لگا کر حملہ کردیا۔ اِس حملے میں آسام رائفلز کے دو اہلکار زخمی ہوگئے جنہیں علاج کے لیے اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔ شبہ ہے کہ اِس حملے میں NSCN کے ملی ٹینٹس کا ہاتھ ہے۔ آسام رائفلز کی ٹیم نے بھی جوابی کارروائی کی لیکن کسی کے زخمی یا ہلاک ہونے کے بارے میں ابھی کچھ معلوم نہیں ہوسکا ہے۔ سینئر پولیس اہلکار جائے واقعہ پر پہنچ گئے ہیں۔

## I&B Secretary Bhopal

اطلاعات و نشریات کے مرکزی سکریٹری سنجے جاجو آج بھوپال میں ہیں۔ جناب جاجو آکاشوانی، دوردرشن، PIB اور CBC کے افسران کے ساتھ آج بھوپال میں ایک میٹنگ کریں گے۔ اس میٹنگ میں گرمی کی لہر جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔x

## Boat Capsize Jhelum

کشمیر وادی میں سرینگر کے مضافات میں Gandabal میں Jhelum ندی میں آج صبح ایک کشتی کے پلٹ جانے کے حادثے میں چار افراد ہلاک ہوگئے۔ کشتی میں علاقے کے چھوٹے بچے سوار تھے۔ سرینگر کے ڈپٹی کمشنر بلال محی الدین کے مطابق اِس حادثے میں چار افراد کی موت ہوگئی جبکہ باقی تین کا علاج سرینگر کے SMHS اسپتال میں چل رہا ہے۔ ضلع انتظامیہ نے فوری طور پر بچاؤ کارروائیاں شروع کردی ہیں جس کے نتیجے میں کچھ افراد کو بچا لیا گیا ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔x

## Bangladesh Accident

بنگلہ دیش میں کم سے کم 13 افراد ہلاک اور کئی دیگر اُس وقت زخمی ہوگئے جب آج صبح فریدکوٹ ضلع میں ڈھاکہ Khulna شاہراہ پر ایک بس اور ایک مال بردار وین کے درمیان آمنے سامنے ٹکر ہوگئی۔ ہلاک ہونے والے زیادہ تر پک اَپ وین کے مسافر ہیں۔ اِس حادثے کی تصدیق کرتے ہوئے فریدکوٹ میں پولیس سپرنٹنڈنٹ محمد مرشد عالم نے بتایا کہ 11 افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ دو نے قریب کے ایک اسپتال میں دم توڑ دیا۔

## Israel Iran Conflict

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے، ایران کے حملے کا جواب دینے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیلئے 24 گھنٹے سے بھی کم وقت میں کل دوسری مرتبہ جنگی کابینہ کی میٹنگ بلائی۔ حکومت نے اب تک کسی بھی فیصلے کا اعلان نہیں کیا ہے۔ ایران نے کہا تھا کہ اُس کی طرف سے معاملہ ختم ہوچکا ہے جبکہ اسرائیل کی فوج کے چیف آف اسٹاف نے کہا کہ اس حملے کا جواب دیا جائے گا۔ خبر رساں ایجنسی سے بات کرتے ہوئے اسرائیل دفاعی فورسز کے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل Herzi Halevi نے کہا کہ اسرائیل پر ایران کے میزائل اور ڈرون حملے کا جواب دیا جائے گا۔ ایران کے ایک اعلیٰ اہلکار ابوالفضل Amoui نے کہا کہ اسرائیل کے حملے کی صورت میں سبھی متوقع حالات کے تناظر میں ایران نے جامع لائحہ عمل تیار کر رکھا ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کے حملوں کی صورت میں ایران وہ ہتھیار استعمال کرے گا جو اُس نے ابھی تک نہیں کئے ہیں۔ ایران کا کہنا ہے کہ اُس کی کارروائی شام میں اُس کے قونصل خانے پر پہلی اپریل کو ہوئے حملے کے جواب میں تھی جس میں ایرانی فوج کے اعلیٰ کمانڈر مارے گئے تھے۔ اسرائیل کی فوج نے کہا ہے کہ اسرائیل پر 300 سے زیادہ ڈرونز اور میزائلوں سے حملہ کیا گیا تھا۔ اس نے بتایا کہ امریکہ، برطانیہ، فرانس اور دیگر ملکوں کی مدد سے اُس کی فوج نے تقریباً سبھی کو نشانے پر گرنے سے پہلے مار گرایا ہے۔ کسی کے مارے جانے کی خبر نہیں ہے اور اسرائیل نے کہا ہے کہ بہت کم نقصان ہوا ہے۔ عالمی لیڈروں نے مغربی ایشیا میں کسی بڑی کشیدگی سے بچنے کیلئے صبر وتحمل سے کام لینے کو کہا ہے۔x

## Cricket T20 Women

کرکٹ میں بی سی سی آئی نے بنگلہ دیش کے خلاف پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی سیریز کے لیے بھارتی خواتین کی کرکٹ ٹیم کا اعلان کردیا ہے۔ ہرمن پریت کور ٹیم کی قیادت کریں گی جبکہ اِسمرتی مندھانا اُن کی نائب ہوگی۔ Sajeevan Sajana اور آشا Sobhana کو خواتین پریمیئر لیگ 2024 میں اُن کی شاندار کارکردگی کے پیش نظر ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ آنے والی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز بھارت کے لیے آنے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے لیے تیاری کا موقع فراہم کرے گی۔

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔ یہ میچ آج شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات سن رائزرس حیدرآباد نے بینگلورو کے ایم چنا سوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلورو کو 25 رن سے ہرا دیا۔ جیت کے لیے 288 رن کے ہدف کے لیے کھیلتے ہوئے رائل چیلنجرس بینگلورو مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ کے نقصان پر 262 رن ہی بنا سکی۔

## Assam PM Campgine

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی آسام میں NDA امیدوار کے حق میں تشہیر کرنے کیلئے آج شام گواہاٹی پہنچ رہے ہیں۔ مقامی ذرائع نے بتایا کہ مقامی لوگ اور پارٹی کارکنان گواہاٹی میں Borjhar پہنچنے پر اُن کا خیرمقدم کریں گے۔ جناب مودی کل Nalbari میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔
اِسی دوران، کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا فی الحال جورہاٹ ضلع میں ایک روڈ شو کر رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ اور BJP کے رہنما ہیمنت بسوا سرما میں مجولی کے مقام پر میٹنگ کر رہے ہیں۔
دوسری طرف TMC کی سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ کل سلچر میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گی۔ آسام کی 14 لوک سبھا سیٹوں پر تین مرحلوں میں انتخابات ہو رہے ہیں۔x

## IMD Weater

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے اِس مہینے کی 21 تاریخ تک شمال مشرقی بھارت میں ہلکی سے اوسط بارش، گرج چمک اور ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ اگلے چھ روز کے دوران اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ کے حصوں میں بھی اِسی طرح کے حالات رہیں گے۔ شمالی بھارت میں اور جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے کئی حصوں میں اس مہینے کی 18 تاریخ سے 21 تاریخ تک گرج چمک اور 40 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہواؤں کے جھکڑ کے ساتھ بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

## Chess Candidates

شطرنج میں، بھارت کے D.Gukesh کل رات کنیڈا کے ٹورنٹو کے گریٹ ہال میں FIDE کینڈیڈیٹس 2024 کے 10ویں راؤنڈ میں جوائنٹ لیڈر Ian Nepomniachtchi کے خلاف ڈرا کھیلنے کے بعد لیڈر بورڈ میں سرِفہرست رہے۔
اس کے علاوہ ودِت گجراتی نے اپنے ہم وطن کھلاڑی آر پرگ نندا کے ساتھ ڈرا کرنے پر اتفاق کرلیا۔
اب جبکہ محض چار گیم باقی ہیں 18 سالہ پرگ نندا ٹورنامنٹ کے لیڈروں سے صرف آدھا پوائنٹ پیچھے ہیں۔
مقابلے میں Hikaru Nakamura اور Fabiano Caruana کی امریکی جوڑی بھی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اوپن سیکشن جیتنے کے لیے اب بھی پانچ لوگ میدان میں ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆